سوال

(217) علمی مجلس میں سلام کہنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب کوئی شخص کالج کے لیکچر یا کسی علمی مجلس میں دیر سے اس وقت پہنچے جب استاد نے لیکچر شروع کر دیا ہو تو پھر افضل کیا ہے سلام کہے یا سلام نہ کہے اور مجلس میں بیٹھ جائے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سلام کہنے سے اگر درس منقطع ہوتا یا حاضرین مجلس تشویش محسوس کرتے ہوں تو افضل یہ ہے کہ سلام نہ کہے اور اگر سلام کہنے سے اس طرح کی کوئی بات رونما ہوتی ہو تو مجلس میں آنے والے ہر شخص کے لئے سلام کہنا سنت ہے لہذا اسے سلام کہنا چاہیے اور اگر حاضرین میں سے کوئی ایک شخص بھی سلام کا جواب دے دے تو یہ کافی ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص38